

| | |
|---|---|
| 24 رمضان المبارک | |
| افطار | 6:38 |
| 25 رمضان المبارک | |
| ختم سحری | 5:19 |
| افطار | 6:39 |

58th Year

بانی صوفی غلام محمد

# سرینگر ٹائمز

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 73 | صفحات : 08 | ۱۴ مارچ ۲۰۲۶ بروز سنیچروار بمطابق ۲۴ رمضان ۱۴۴۷ | Saturday 14th March 2026 | جلد نمبر 58




### اولی نے ایسٹن ولا کو فتح دلادی

یوروپا لیگ کے راؤنڈ آف ۱۶ کے پہلے مرحلے میں انگلش کلب ایسٹن ولا نے فرانسیسی کلب للی کو اس کے ہوم گراؤنڈ پر ۱-۰ سے شکست دے کر برتری حاصل کر لی۔ دوسری جانب اٹلی کے دو بڑے کلبوں، بولوگنا اور اے ایس روما کے درمیان کھیلا گیا میچ ۱-۱ کی برابری پر ختم ہوا۔ میچ کا پہلا ہاف کافی محتاط رہا، جہاں دونوں ٹیموں نے دفاعی حکمت عملی اپنائی۔ (تفصیلات اندر)

## وزیروں ممبران اسمبلی سپیکر اور حزب اختلاف کے حق میں

### کابینہ کی ٹی اے، ڈی اے اور میڈیکل الاؤنس میں اضافے کی منظوری

سرینگر/ یو این ایس/ جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی صدارت میں منعقدہ کابینہ اجلاس میں متعدد اہم فیصلے کیے گئے جن کا مقصد یونین ٹیریٹری میں حکمرانی کو مزید مضبوط بنانا، عوامی خدمات کو بہتر بنانا اور ترقیاتی سرگرمیوں کو تیز کرنا ہے۔ یو این ایس کے مطابق اجلاس کے دوران کابینہ نے متفقہ طور پر فاروق عبداللہ صدر نیشنل کانفرنس پر حالیہ حملے کی شدید مذمت کی اور اس واقعہ کی گہرائی سے تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ کابینہ نے واضح کیا کہ اس طرح کے واقعات جمہوری اقدار اور سیاسی رواداری کے منافی ہیں اور ان کی مکمل چھان بین ہونی چاہیے۔ سرکاری ترجمان کے مطابق اجلاس میں عوامی ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں 18 فیصد اضافے کی منظوری بھی دی گئی۔ ٹرانسپورٹروں کی جانب سے گزشتہ پانچ برسوں سے کرایوں میں اضافے کا مطالبہ کیا جا رہا تھا۔ تاہم جہاں ٹرانسپورٹرز نے 50 فیصد اضافے کا مطالبہ کیا تھا، حکومت نے اسے منظور کرنے کے/ 1




## آفات سے متاثرہ لوگوں کی امداد کیلئے جموں و کشمیر کو مرکز کی امداد

### فیصلہ مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی کمیٹی نے کیا گیا



سرینگر/ ایس این این/ اس بات کا اعادہ کرتے ہوئے کہ وزیر اعظم مودی کی قیادت میں حکومت ہند قدرتی آفات کے دوران ریاستی حکومتوں کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑی ہے مرکز نے جموں کشمیر سمیت اور پانچ ریاستوں کیلئے 1912.99 کروڑ روپے کی اضافی آفات امداد کو منظوری دی ہے۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق مرکز نے سال 2025 میں سیلاب، طوفانی سیلاب، بادل پھٹنے، لینڈ سلائیڈنگ اور طوفان 'مونتھا' سے متاثر پانچ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام جموں و کشمیر کو 1,912.99 کروڑ روپے کی اضافی مالی امداد کی منظوری دی ہے۔ یہ فیصلہ مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی کمیٹی نے/ 2

## وادی بھر میں جمعۃ الوداع پر عظیم الشان اجتماعات

### درگاہ حضرت بل (سرینگر) میں تقریباً ایک لاکھ عقیدت مندوں کی حاضری

سرینگر/ ماہ رمضان المبارک کے آخری جمعہ یعنی جمعۃ الوداع کے موقعہ پر جمعہ 13 مارچ کو جموں و کشمیر کے یمن و یسار میں رُوح افروز اجتماعات منعقد ہوئے، جن میں لاکھوں روزہ داروں بشمول مردوزن، بچوں اور بزرگوں نے تزک واحتشام کیساتھ شرکت کی۔ جے کے این ایس کے مطابق جھیل ڈل کے کنارے پر واقع آثار شریف درگاہ حضرت بل سری نگر میں جمعۃ الوداع کا عظیم الشان اجتماع ہوا۔ تقریباً ایک لاکھ مسلمانوں نے باجماعت نماز جمعۃ الوداع ادا کی۔ اس دوران سری نگر کے مختلف علاقوں بشمول مخدوم صاحب، خانیار، کلاشپورہ، سونہ وار، سرائے بالا اور دیگر علاقوں میں واقع خانقاہوں، آستانوں اور جامع مساجد کیساتھ ساتھ کشمیر اور جموں خطے کے تمام اضلاع کی جامع مساجد اور دیگر عبادت گاہوں میں جمعۃ الوداع کے موقعہ پر رُوح پرور اجتماعات کا انعقاد کیا گیا، جہاں لاکھوں فرزندان توحید اور باپردہ مسلم خواتین نے نماز جمعۃ الوداع ادا کی۔ روح پرور اجتماعات میں شرکت کرنے والوں کی آسانی اور اجتماعات کے ہموار انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے تمام بڑی عبادتگاہوں کے آس پاس پولیس وفورسز کے اضافی دستے تعینات کئے گئے تھے اور درگاہ حضرت بل سری نگر سمیت کئی عبادت گاہوں میں نماز جمعۃ الوداع ادا کرنے کیلئے آنے والے زائرین کی سہولت کیلئے ٹرانسپورٹ پلان ترتیب دیا گیا تھا۔ معلوم ہوا کہ نزول قرآن کے مقدس مہینے رمضان المبارک کے آخری جمعہ 'جمعۃ الوداع' کے موقع پر تقریباً ایک لاکھ عقیدت مند سری نگر کے تاریخی حضرت بل درگاہ میں جمع ہوئے۔ نمازیوں جن میں مردوزن اور بچے و بزرگ بھی شامل تھے، کی ایک بڑی تعداد صبح کے اوقات سے ہی جمعۃ الوداع کے عظیم و بابرکت اجتماع/ 3



## ہماری لوک روایات صرف کتب خانوں تک محدود نہیں/ LG

### فنکاروں کے رنگوں، گلوکاروں کے نغموں اور قلم کاروں کی تحریروں میں پروان چڑھتی ہیں

جموں/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے جمعہ کے روز اہل اَدب اور فنون سے کہا کہ وہ صوبہ جموں میں شاندار ثقافتی ورثے کے تحفظ کو یقینی بنائیں، اس کی میراث کو فروغ دیں اور نئی نسل کو اپنی تہذیبی جڑوں سے جوڑیں۔ اُنہوں نے کہا کہ جموں کی اَدبی، ثقافتی اور روحانی روایا تہمیں ذات، عقیدہ، اور مصنوعی سرحدوں کے فرق سے بالاتر ہونے کا درس دیتی ہیں۔ ہماری ثقافت میں موجود اَقدار ایک ایسے نظریہ کی عکاسی کرتی ہیں جو اِنسانیت کو سب سے بالا مقام دیتی ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر جموں یونیورسٹی کے زیر اہتمام دوروزہ اَدبی وثقافتی کنکلیو''ساہتیہ سنسکرتی سماگم'' کی اِفتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اُنہوں نے جموں یونیورسٹی کی خطے کی ثقافتی اقدار کے تحفظ اور اسے فروغ دینے اور ملک کی اعلیٰ یونیورسٹیوں میں اَپنی شناخت بنانے کے لئے اس کے پختہ عزم کی ستائش کی۔ اُنہوں نے کہا کہ ہماری بے پناہ اَدبی اور ثقافتی دولت سے تشکیل پانے والا معاشرہ اس بات کا تعین کرے گا کہ ہم کون ہیں اور ہم کیا بن سکتے ہیں۔ لیفٹیننٹ گورنر نے اس ادبی و ثقافتی تقریب کے موقعہ پر ہر ایک پر زور دیا کہ وہ اس حقیقی شناخت پر غور کریں جو ہمیں آپس میں جوڑتی ہے اور ہمارے اندر وابستگی کا گہرا احساس پیدا کرتی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ ثقافت اور اَدب کا حقیقی سنگم کا مطلب ہے کہ ہم مختلف فنون لطیفہ کے ذریعے اَپنی مٹی سے جڑیں اور معاشرے کی روح میں نئی تازگی پیدا کریں۔ لیفٹیننٹ گورنر نے عظیم شخصیات اور ممتاز اَدبی ہستیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے اِس بات پر زور دیا کہ کسی خطے کی شناخت صرف معاشی کامیابیوں سے متعین نہیں ہوتی بلکہ اس کی داستانوں، نغموں اور ہنرمندوں کے رنگا رنگ فن میں جھلکتی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ معاشرے کے روشن خیال اذہان کو لوک فنون اور/ 4



جموں یونیورسٹی میں اَدبی ثقافتی کنکلیو کا اِفتتاح






## ڈوڈہ میں دریا میں کار کے گر جانے سے میاں بیوی جاں بحق

### ان کے دو بچے بھی زخمی ہوئے لیکن وہ خطرے سے باہر ہیں

جموں/ جے کے این ایس/ جمعہ کو پہاڑی ضلع ڈوڈہ میں رونما ہوئے ایک دلدوز سڑک حادثے میں جموں و کشمیر پولیس کے ایک ہیڈ کانسٹیبل کی اہلیہ سمیت المناک موت واقعہ ہوگئی، جب کہ ان کے 2 بچے زخمی ہو گئے۔ جے کے این ایس کو ملی تفصیلات کے مطابق جموں و کشمیر پولیس کا ایک ہیڈ کانسٹیبل ایک کار میں بیوی بچوں کے ہمراہ سفر کر رہا تھا کہ جمعہ کو ڈوڈہ ضلع کے بھدرواہ علاقے میں بستی گاؤں کے قریب یہ کار دریا میں گر گئی۔ پولیس نے بتایا کہ ایک ہیڈ کانسٹیبل ذوالفقار علی اور ان کی اہلیہ اس المناک حادثے/ 6

## ٹریجریز میں کنٹریکٹ ادائیگیوں کا کوئی بیک لاگ موجود نہیں ہے/ حکام

جموں/ ڈائریکٹوریٹ آف اکاؤنٹس اینڈ ٹریجریز (ڈی جی اے ٹی) نے کنٹریکٹ ادائیگیوں میں تاخیر سے متعلق حالیہ میڈیا رپورٹس کی سختی سے تردید کرتے ہوئے انہیں بے بنیاد اور غلط قرار دیا ہے۔ ڈی جی اے ٹی نے یہاں جاری کردہ ایک بیان میں واضح کیا کہ کنٹریکٹ ادائیگیوں کے حوالے سے تمام واجبات ادا کر دیئے گئے ہیں اور خزانہ دفاتر میں کنٹریکٹ ادائیگیوں کے سلسلے میں کسی بھی قسم کا کوئی بیک لاگ موجود نہیں ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے، ''حقیقت یہ ہے کہ محکمہ نے کیپکس کے تحت مکمل فنڈز جاری کئے ہیں۔'' ڈی جی اے ٹی نے میڈیا اداروں سے/ 5

## نیشنل کانفرنس ممبران پارلیمنٹ کی صدر ہند سے ملاقات

### ریاست کی بحالی، ملازمت کے حقوق کے تحفظ کا مطالبہ کیا



سرینگر/ نیشنل کانفرنس (این سی) کے راجیہ سبھا میں ممبران پارلیمنٹ نے جمعہ کو صدر ہند دروپدی مرمو سے راشٹرپتی بھون، نئی دہلی میں ملاقات کی اور جموں و کشمیر سے متعلق اہم مسائل کو اجاگر کرتے ہوئے ایک میمورنڈم پیش کیا۔ اطلاعات کے مطابق ممبر اسمبلی چودھری محمد رمضان سجاد احمد کچلو اور شمی اوبرائے کے ہمراہ تھے۔ رپورٹس میں مزید بتایا گیا ہے کہ اراکین نے پارلیمنٹ کے فلور پر کی گئی یقین دہانیوں کے مطابق جموں و کشمیر کو مکمل ریاست کا درجہ دینے کی جلد از جلد بحالی پر زور دیا۔ انہوں نے مقامی آبادی کے زمین اور ملازمت کے حقوق کے تحفظ کی ضرورت پر/ 7

## عازمین حج کا پہلا قافلہ 18 اپریل کو جدہ کیلئے روانہ ہوگا

سرینگر/ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق جموں و کشمیر کے تقریباً 4717 عازمین اس سال سالانہ حج کی سعادت حاصل کریں گے، جس کا پہلا دستہ 18 اپریل کو سرینگر سے روانہ ہوگا۔ حکام نے بتایا کہ خطے کے عازمین کو لے جانے والی خصوصی حج پروازیں 18 اپریل سے 28 اپریل کے درمیان سرنگر کے بین الاقوامی ہوائی اڈے سے سعودی عرب کے سفر میں سہولت فراہم کرنے کیلئے چلائی جائیں گی۔

## آبنائے ہرمز کی صورتحال پر جے شنکر اور ایرانی وزیر خارجہ میں بات

سرینگر/ یو این ایس/ بھارت کے وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے مغربی ایشیا میں جاری بحران اور آبنائے ہرمز میں جہاز رانی سے متعلق خدشات کے پیش نظر اپنے ایرانی ہم منصب سید عباس عراقچی سے ایک مرتبہ پھر ٹیلی فون پر بات چیت کی۔ مغربی ایشیا میں کشیدگی شروع ہونے کے بعد دونوں رہنماؤں کے درمیان یہ چوتھی گفتگو ہوئی۔ اطلاعات کے مطابق دونوں وزرائے خارجہ کے درمیان یہ گفتگو جمعرات کی رات ہوئی۔ اس سے قبل دونوں رہنماؤں کے درمیان 28 فروری، 5 مارچ اور 10 مارچ کو بھی رابطہ ہوا تھا۔ 28 فروری کو امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے ایران/ 8

## رام بن میں لاپتہ لڑکی کی لاش کی برآمد ہونے کے معاملہ کی تحقیق کا نتیجہ

### قتل کرنے کے الزام میں ایک شخص کو تلنگانہ میں گرفتار کیا گیا

سرینگر/ جے کے این ایس کے مطابق ایس ایس پی رام بن ارون گپتا نے میڈیا کو تفصیلات فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ قتل کرنے کے بعد ملزم فرار تھا جسے رام بن پولیس کی ایک خصوصی ٹیم نے رام چندر پورم، تلنگانہ سے گرفتار کر لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس نے قتل میں استعمال ہونے والا تیز دھار چاقو بھی برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ رام بن پولیس نے ملزم کی شناخت محمد اشرف ولد عبدالغنی ساکن سار تحصیل مہور ضلع ریاسی کے طور پر کی ہے۔ یاد رہے کہ اس ماہ کے ابتداء ▯ میں پولیس اسٹیشن گول میں گمشدگی کی ایک رپورٹ درج کرائی گئی تھی جس میں زاہدہ بانو دختر محمد یعقوب خان ساکن پر اتمولہ گول کے لاپتہ ہونے کی شکایت/ 9

